URDU

# GoWell

گلاسگو کمیونٹی ہیلتھ اینڈ ویل بینگ ریسرچ پروگرام

## گلاسگو کا کمیونٹی کی صحت اور فلاح وبہبود کے بارے میں تحقیقاتی پروگرام

مخصوص رہائشی علاقوں میں تبدیلیوں کے متعلق تحقیق

## تحقیق کے علاوہ پروگرام میں کیا ہے؟

’گو ویل‘ کے سیکھنے کے متعلق ۳ اجزا ہیں جو درج ذیل ہوں گے:

- معومات اور سیکھنے کے عمل میں اشتراک پیدا کرنے کیلئے رہائش، تعمیر نو اور صحت کے سیکٹروں کو قریب لانا
- سکاٹ لینڈ میں رہائش، تعمیر نو اور صحت کیلئے ایک ہی تحقیقاتی وسیلہ تشکیل دینا
- کمینوٹی کی شمولیت کا پروگرام وضع کرنا

## ’گو ویل‘ میں کون سی کمیونٹیاں شامل ہوں گی؟

کارنٹائن، کاسل ملک، ڈرم چیپل، گوربالز، ریور سائڈ،گوون، ریڈ روڈ اور گرد و نواح کا علاقہ، رڈ ری، شا برج کو ریڈور، سائٹ ہل، سینٹ اینڈریوز ڈرائیو اور ٹاؤن ہیڈ میں واقع کمیونٹیاں ’ گو ویل‘ تحقیقاتی مشق میں شامل ہوں گی-

## مزید معلومات؟

’گو ویل‘ کے بارے میں مزید معلومات کیلئے براہ مہربانی ایوون کرسٹلی سے رابطہ کریں
ٹیلیفون نمبر: 0141 221 9439
اي میل: yvonne.christley@drs.glasgow.gov.uk

گو ویل
دی گلاسگو سنٹر فار پاپولیشن ہیلتھ
لیول ٦
۳۹ سینٹ سنسنٹ پلیس
گلاسگو جی ۲ ۱ ای آ
یا ہماری ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں

’گو ویل ‘ کو گلاسگو ہاؤسنگ ایسوسی ایشن، گلاسگو سنٹر فار پاپولیشن ہیلتھ، کمیونٹیز سکات لینڈ،
این ایچ ایس ہیلتھ سکاٹ لینڈ، این ایچ ایس گریٹر سکاٹ لینڈ اور یونیورسٹي آف گلاسگو سے مالی اعانت ملتی ہے

## پس منظر

آئندہ ۱۰ سالوں کے دوران گلاسگو اپنی روایتی رہائشی جائیداد میں درج ذیل تبدیلیوں سے گزرے گا:

- مسمار کرنے، تعمیر نو اور اور مرمت کے کاموں میں نمایاں سرمایہ کاری کے ذریعے رہائش کے معیار میں بہتری
- مخصوص رہائشی علاقوں کی تعمیر نو کے منصوبوں کے ذریعے مقامی ماحول اور سہولیات میں بہتری
- رہائشی جائیداد کی ہاؤسنگ ایسوسی ایشنز کو منتقلی
- ایسے مکانات جن میں مالک مکان خود رہتے ہیں اور کرایے کے مکانوں کے امتزاج سے مزید آبادیوں کی تشکیل

## ’گو ویل‘ نامی تحقیقاتی مشق کیا ہے؟

گو ویل ایک اہم سائنسی تحقیقاتی مشق ہے جو مخصوص رہائشی علاقوں میں ان تبدیلیوں کے گلاسگو میں افراد، خاندانوں اور کمیونٹیوں کی صحت اور فلاح و بہبود پر پڑنے والے اثرات کے بارے میں ہمارے فہم کو بہتر بنانے کیلئے کی جارہی ہے- اس کا آغاز سال ۲۰۰۶ کے شروع میں ہوگا اور یہ ۱۰ سال کے عرصے تک جاری رہے گی اور کوشش کی جائے گی کہ:

- مخصوص رہائشی علاقوں میں جو تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں ان پر نظر رکھی جائے اور
- جن مخصوص رہائشی علاقوں میں یہ تبدیلیوں ہو رہی ہیں ان علاقوں میں رہنے والے افراد کی صحت اور فلاح وبہبود پر ان تبدیلیوں کے اثرات کا اندازہ لگایا جائے-

## یہ تحقیقاتی مشق کون کررہا ہے؟

یہ تحقیقاتی مشق گلاسگو یونیورسٹی، میڈیکل ریسرچ کونسل اور گلوسگو سنٹر فار پاپولیشن ہیلتھ کے محققوں کا گروپ کر رہا ہے-

## ’گو ویل‘ تحقیقاتی مشق اہم کیوں ہے؟

یہ امید کی جاتی ہے کہ بہتر رہائش اور مخصوص رہائشی علاقوں کی تعمیر نو میں گلاسگو کی بھاری سرمایہ کاری صحت اور فلاح وبہبودکو بہتر بنائے گی کمیونٹی میں اپنایت کا ایک مضبوط تر احساس پیدا کرے گی-

تاہم یہ امید کسی قسم کی سائنسی شہادت کی بجائے عام عقل پر مبنی زیادہ ہے- یہی وجہ ہے کہ ’گو ویل‘ تحقیقاتی مشق اتنی اہم ہے- ’گو ویل‘ مخصوص رہائشی علاقوں میں رونما ہونے والی تبدیلیوں، ان تبدیلیوں کے متعلق مقامی لوگ کیا سوچتے ہیں اور صحت اور فلاح وبہبود پر پڑنے والے اثرات کو تفصیل سے سمجھنے کا موقع فراہم کرتی ہے-

## قطعی طور پر کیا ہو گا؟

تحقیقاتی مشق کے ۱۰ سال کے عرصے میں درج ذیل طریقوں سے معلومات اکٹھی کی جائیں گی:

- گلاسگو کے اندر رہنے والی بیشمار کمیونٹیوں کے لوگوں کا سوالناموں کے ذریعے سروے کیا جائے گا
[ مکمل فہرست اگلے صفحے پر ]
مقامی مخصوص رہائشی علاقوں میں تبدیلیوں، صحت اور فلاح بہبود جیسے معاملات کے بارے میں بہتر فہم پیدا کرنے کیلئے سوالات پوچھے جائیں گے-
- مقامی رہائشیوں کے ساتھ انفرادی طور پر اور گروپوں میں بحث و تمحیص کا انعقاد کیا جائے گا-
- مخصوص رہائشی علاقوں میں تبدیلیوں کي منصوبہ بندی اور انتظام کے مختلف ذمہ دار افراد کے ساتھ مفصل انٹر ویو کئے جائیں گے-
- مختلف دیگر ذرائع سے حاصل ہونے والی معلومات کا تجزیہ کیا جائے گا [ مثال کے طور پر مردم شماری، ہسپتالوں میں داخلے، جرم، رہائشی معیار اور مزید بہت سے]

یہ مختلف معلومات جب ملا کر پڑھی جائیں گی تو وہ تحقیقاتی مشق کے ۱۰ سال کے عرصے میں مخصوص رہائشی علاقوں میں منصوبے کے تحت تبدیلیوں کا کمیونٹیوں اور ان کی صحت پر پڑنے والے اثرات کے متعلق ایک مفصل فہم فراہم کریں گی-